چائینہ سے درآمد شدہ

# Force plus™

Starlet INTERNATIONAL


جیسا کے آپ جانتے ہیں کہ حشرات الارض میں مکھیاں مختلف بیماریاں پھیلانے کا باعث بنتی ہیں جن میں ٹائیفائیڈ بخار، آنتوں میں انفیکشن، ہیضہ، دست اور پیچش جیسے موذی امراض شامل ہیں۔ نیز مکھیاں انسانوں کے علاوہ مختلف جانوروں اور بالخصوص مویشیوں میں کئی اقسام کی بیماریاں پھیلانے کا سبب بھی بنتی ہیں جن میں گردن توڑ بخار، اینتھراکس، پینک آئی یعنی گلابی آنکھ، ورم پستان، ایناپلاسموسس جس میں مویشیوں میں انیمیا اور تیز بخار کی علامات ظاہر ہوتی ہیں نیز مویشیوں کی دودھ دینے کی پیداواری صلاحیت میں بھی نمایاں کمی واقع ہوتی ہے۔ کھٹمل اِنسانی جسم سے خون چُوس کر نشو نما پاتے ہیں اور یہ گھروں میں موجود بستر، بیڈز اور صوفوں کو اپنا مسکن بناتے ہیں ان کے کاٹنے سے جسم پر سُرخ دھبے نمودار ہوتے ہیں جن پر خارش اور جلن کا احساس ہوتا ہے۔ ان مسائل کے حل کے لیے سٹارلٹ انٹرنیشنل نے ایک ایسی دواء متعارف کروائی ہے جو محفوظ اور ماحول دوست ہونے کے ساتھ ساتھ موثر طریقے سے مکھیوں اور کھٹمل کے دیرپا تدارک کا سبب بنتی ہے۔



House fly

## گھریلو مکھیوں اور کھٹمل کا دیرپا اور مؤثر تدارک

**موثر اجزاء:**







Bedbug

**خصوصیات:** فورس پلس ایک کثیر المقاصد دوہرا اثر رکھنے والی منفرد اور جدید ترین ایجاد ہے جو مکھیوں کو جنسی فیرامون کی خصوصیات کے باعث اپنی طرف متوجہ کرنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتی ہے اور دوسری دواء مکھیوں کو چھوتے ہی ہلاک کرنے کی خوبیوں کے ساتھ مشہور عام ہے۔ فورس پلس لمسی اثر رکھنے والی جدید ترین فارمولیشن ہے جو پانی میں جلد حل پذیری کے باعث سپرے کے لیے نہایت موزوں ہے۔ سپرے کے باعث مکھیوں کی فوراً ہلاکت شروع ہو جاتی ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے مکھیاں پل بھر میں ڈھیر ہو جاتی ہیں نیز اس کے نظر نہ آنے والے خوردنی ذرات دیواروں کی سطح پر چپک کر بلخصوص گھریلو مکھیوں اور متعدد دیگر حشرات جیسے کہ چیونٹیوں اور کالے کیڑوں کے دیرپا تدارک کا سبب بنتے ہیں نیز فورس پلس پولٹری فارمز میں لِٹر بیٹل اور گھروں و ہوٹلوں میں کھٹملوں کے مکمل خاتمے لے لیے بھی بے حد مفید ہے۔ ہدایات کے مطابق اور مسلسل اِستعمال سے گھروں، ہوٹلوں، دفاتر، دکانوں، مشروبات بنانے والی فیکٹریوں، ڈیری فارمز، مویشیوں کے باڑوں، گھوڑوں کے اصطبل، ذبح خانوں اور دوسرے مقامات کو بیماریوں کا باعث بننے والی مکھیوں اور دیگر حشرات بلخصوص کھٹمل سے محفوظ رکھنے کے لیے بے مثل دواء ہے۔



Litter beetle

**محلول بنانے کا طریقہ:** سپرے مشین میں دو لیٹر پانی ڈالیں فورس پلس کا پیکٹ اوپر سے کھولیں اندر کا ساشے بغیر کھولے سپرے مشین میں ڈال دیں دواء کہ پانی میں حل ہونے کا انتظار کیجئے اب مزید دو سے تین لیٹر پانی ڈال کر چیک کر لیں کہ دوائی پانی اچھی طرح حل ہو گئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
|   | 62.5 گرام فورس پلس اوپر دی گئی ہدایات کے مطابق 3 سے 5 لیٹر پانی میں حل کریں۔ اور بزریعہ سپرے مشین 50 ملی لیٹر فی مربع میٹر کے حساب سے دیواروں پر سپرے کریں۔ سپرے کے لیے کونیکل نوزل کا اِستعمال کریں۔ بہتر اور دیرپا نتائج حاصل کرنے کے لیے مکھیوں، لیٹر بیٹل اور کھٹملوں کی افزائش اور بہتات والی جگہوں پر اچھی طرح سپرے کریں تاکہ دوائی سپرے کی گئی سطح کے ساتھ چپک جائے اور لمبے عرصے تک اِن حشرات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ | بذریعہ سپرے |
|  | 62.5 گرام فورس پلس کو 40 سے 50 ملی لیٹر پانی میں اچھی طرح حل کریں۔ جب محلول پینٹ کی شکل اختیار کر لے تو اسے 25 ملی لیٹر فی مربع میٹر کے حساب سے بذریعہ پینٹ برش یا پینٹ رولر مکھیوں کی افزائش اور بیٹھنے کی جگہوں پر لگا دیں۔ | بذریعہ پینٹ برش |




**احتیاطی تدابیر:** استعمال کرنے سے پہلے ساشے کو اچھی طرح پڑھیں اور دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ سپرے کرنے سے پہلے اشیاء خوردونوش اور برتنوں کو اچھی طرح ڈھانپ دیں۔ سپرے کے دوران کھانے، پینے اور سگریٹ نوشی سے اجتناب کریں۔ سپرے کرتے وقت جسم اور چہرے کو ڈھانپ لیں اور ہاتھوں پر دستانوں کا استعمال کریں۔ مویشیوں کے باڑوں میں سپرے کرتے وقت اُن کے کھانے، پینے اور اُن جگہوں پر سپرے کرنے سے گریز کریں جہاں تک جانوروں کی رسائی ممکن ہو۔ سپرے کے دوران منہ، ناک اور آنکھوں کو چھونے سے گریز کریں اور سپرے کے بعد ہاتھوں، پیروں اور منہ کو اچھی طرح دھو لیں۔

*Manufactured By:*

Beijing Golden State Science & Technology development Co.,Ltd
China

BJ GOLDEN STATE

*Imported & Distributed By:*

Starlet INTERNATIONAL
2 Km, Kattar Band Road, Thokar Niaz Baig, Lahore.
www.starletinternational.com